# گھر سے نکلتے وقت یہ دعا پڑھی جائے

دار الافتاء اھلسنت (دعوت اسلامی)

بِسۡمِ اللّٰہِ تَوَکَّلۡتُ عَلَی اللّٰہِ لَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

**ترجمہ:**

اللہ کے نام سے۔ میں نے اللہ پر بھروسہ کیا۔ (گناہوں سے بچنے یا نیکی کرنے کی) طاقت وقوت اللہ ہی کی طرف سے ہے۔

سنن ابوداؤد کی حدیث مبارک میں ہے: عن أنس بن مالك، أن النبي صلى اللہ عليه وسلم قال: إذا خرج الرجل من بيته فقال: بِسۡمِ اللّٰہِ تَوَکَّلۡتُ عَلَی اللّٰہِ لَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ، قال: يقال حينئذ: هديت، وكفيت، ووقيت، فتتنحى له الشياطين، فيقول له شيطان آخر: كيف لك برجل قد هدي وكفي ووقي؟ ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی شخص اپنے گھر سے نکلتے وقت یہ (اوپر ذکر کردہ دعا) پڑھ لے، تو آپ نے فرمایا: اس وقت (اللہ کی طرف سے) اعلان کیا جاتا ہے: تجھے ہدایت دے دی گئی اور تیری کفایت کردی گئی اور تجھے (ہر شر سے) بچالیا گیا۔ پس شیاطین اس سے دور ہٹ جاتے ہیں۔ پھر (ایک شیطان) دوسرے شیطان سے کہتا ہے: اب تیرا ایسے شخص پر کیا بس چل سکتا ہے جسے ہدایت بھی دے دی گئی اور کفایت بھی کردی گئی اور اسے محفوظ بھی کردیا گیا؟۔ (سنن ابوداؤد، جلد4، صفحہ325، رقم الحدیث: 5095، المکتبۃ العصریہ، بیروت)

# گھر سے نکلتے وقت پڑھی جانے والی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُ بِكَ اَنۡ اَضِلَّ، اَوۡ اُضَلَّ، اَوۡ اَزِلَّ، اَوۡ اُزَلَّ، اَوۡ اَظۡلِمَ، اَوۡ اُظۡلَمَ، اَوۡ اَجۡھَلَ، اَوۡ یُجۡھَلَ عَلَیَّ

**ترجمہ:**

اے اللہ! بے شک میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ میں خود گمراہ ہوجاؤں یا مجھے گمراہ کردیا جائے، یا میں خود (راہِ حق سے) پھسل جاؤں یا مجھے پھسلا دیا جائے، یا میں کسی پر ظلم کروں یا مجھ پر ظلم کیا جائے، یا میں کسی سے جہالت کا معاملہ کروں یا مجھ سے جہالت برتی جائے۔

سنن ابوداوَد کی حدیث مبارک میں ہے : عن أم سلمة، قالت: ما خرج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من بیتي قط إلا رفع طرفه إلى السماء فقال: اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُ بِكَ اَنۡ اَضِلَّ، اَوۡ اُضَلَّ، اَوۡ اَزِلَّ، اَوۡ اُزَلَّ، اَوۡ اَظۡلِمَ، اَوۡ اُظۡلَمَ، اَوۡ اَجۡھَلَ، اَوۡ یُجۡھَلَ عَلَیَّ ترجمہ : حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے، وہ فرماتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب بھی میرے گھر سے تشریف لے جاتے تو اپنی نگاہِ مبارک آسمان کی طرف بلند کرتے پھر یہ (اوپر ذکر کردہ دعا) پڑھتے ۔ (سنن ابوداوَد، جلد4، صفحہ486، رقم الحدیث : 5094، مطبوعہ المطبعۃ الانصاریہ، ہند)

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net